# سبق نمبر 1—حمد

## سوال جواب

### حمد کے متن سے متعلق نیچے دیے ہوئے سوالوں کے مختصر جواب لکھیں۔

**(الف) شاعر کے نزدیک ہر سحر کس رنگ میں پھوٹتی ہے؟**

**جواب:** شاعر کے نزدیک ہر سحر ایک نئے رنگ میں پھوٹتی ہے۔

**(ب) یہ جہاں ہر دم کس کے آہنگ سے گونجتا ہے؟**

**جواب:** یہ جہاں ہر دم اللہ تعالیٰ کے آہنگ (نغمے/آواز) سے گونجتا ہے۔

**(ج) حیوانات و جمادات کس کی حمد و ثنا کرتے ہیں؟**

**جواب:** حیوانات و جمادات اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کرتے ہیں۔

**(د) اللہ تعالیٰ نے اپنی خلافت کا منصب کسے عطا کیا ہے؟**

**جواب:** اللہ تعالیٰ نے اپنی خلافت کا منصب انسان (آدمی) کو عطا کیا ہے۔

**(ہ) شاعر باری تعالیٰ سے شوقِ سجدہ کا طلب گار کیوں ہے؟**

**جواب:** شاعر چاہتا ہے کہ وہ ہمیشہ اللہ کی بندگی اور عاجزی کے ساتھ عبادت کرے، اس لیے وہ شوقِ سجدہ کا طلب گار ہے۔

www.thesmartstudy.info